**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**

**Subject:-** **REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL HEALTH SERVICES, REGULATIONS AND COORDINATION ON THE PAKISTAN PSYCHOLOGICAL COUNCIL BILL, 2018**

I, the Chairman Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, have the honor to present this report on the Bill to establish the Pakistan Psychological Council Bill, 2018 referred to the Standing Committee on 11th December, 2018.

2. The Standing Committee comprises the following Members:-

| | | |
|---|---|---|
| **(1)** | **Mr. Khalid Hussain Magsi** | **Chairman** |
| (2) | Dr. Haider Ali Khan | Member |
| (3) | Mr. Nasir Khan Musazai | Member |
| (4) | Mr. Jai Parkash | Member |
| (5) | Raja Khurram Shahzad Nawaz | Member |
| (6) | Dr. Muhammad Afzal Khan Dhandla | Member |
| (7) | Dr. Nausheen Hamid | Member |
| (8) | Dr. Seemi Bokhari | Member |
| (9) | Ms. Fouzia Behram | Member |
| (10) | Ms. Naureen Farooq Khan | Member |
| (11) | Professor Shahnaz Naseer Baloch | Member |
| (12) | Mr. Nisar Ahmad Cheema | Member |
| (13) | Mr. Mukhtar Ahmad Malik | Member |
| (14) | Dr. Samina Matloob | Member |
| (15) | Dr. Darshan | Member |
| (16) | Mr. Mahesh Kumar Malani | Member |
| (17) | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| (18) | Mr. James Iqbal | Member |
| (19) | Mr. Ramesh Lal | Member |
| (20) | Ms. Sams-un-Nisa | Member |
| (21) | Dr. Zafar Mirza<br>*Special Assistant to PM for National Health Services, Regulations and Coordination* | Ex-officio Member |

3. The Committee in its meetings held on 27th August, 2019 & 4th November, 2019 considered the Bill in detail and unanimously approved the same without any amendment. Therefore, the Committee recommends that the Bill as introduced in the National Assembly (Annexure-A) be passed.

-Sd/-
**(MR. KHALID HUSSAIN MAGSI)**
Chairman
Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination

-Sd/-

**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 14th November, 2019

[ AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE ]

**A**

**BILL**

*to provide for the establishment of Pakistan Psychological Council*

WHEREAS it is expedient to establish an international standard council named as Pakistan Psychological Council to register psychologists and to recognize institutions and organizations in public and private sectors imparting psychological research and knowledge and education in order to regulate and encourage and to promote research training, technological development with value, ideals, ethical standards and professional knowledge and matters connected therewith and incidental thereto;

It is hereby enacted as follows:

## CHAPTER I

## PRELIMINARY

**1. Short title, extent and commencement.-** (1) This Act shall be called the Pakistan Psychological Council Act, 2019.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

**2. Definitions.-** In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "Act" means the Pakistan Psychological Council Act, 2018;

(b) "Board of Governors" means the Board of Governors of the Pakistan Psychological Council;

(c) "Council" means the Pakistan Psychological Council constituted under this Act.

(d) "Director" means the Director of administrative wing or institute for research and training;

(e) "directing staff" means directing staff of the Council constituted under this Act;

(f) "institute" means policy making institute for the training, research and development in the field of psychology;

(g) "member" means the member of the Board of Governors;

(h) "President" means the President of the Council;

(i) "registered psychologists" means a psychologist having at least master degree or equivalent or sixteen years of education with two years experience in the field of psychology, applied psychology, behavioral sciences and registered as such with the Council;

(j) "prescribed" means prescribed by statutes, regulations or rules under this Act;

(k) "PPA" means Pakistan Psychological Association;

(l) "Registrar" means the Registrar of the Council;

(m) "statutes" "regulations" and "rules" mean the statutes, regulations and rules made or deemed to have been made under this Act;

(n) "Secretary Administration" means the Secretary administration of the Council; and

(o) "Treasurer" means the Treasurer of the Council.

## CHAPTER II
## COUNCIL AND BOARD

**3. Establishment of the Council.**- (1) As soon as may be, after the commencement of this Act, the Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish a council to be known as the Pakistan Psychological Council for carrying out the purposes of this Act.

(2) The principal office and establishments of the Council shall be at Islamabad and it may set up its offices in the provincial capitals or at such place or places in the country as it may deem appropriate.

(3) The Council shall be a body corporate having perpetual succession and a common seal and may sue and be sued in its own name and, subject to and for the purposes of this Act, may enter into contracts and may acquire, purchase, take, hold and enjoy moveable and immovable property of every description and may convey, assign, surrender, yield-up, charge, mortgage, demise, reassign, transfer or otherwise dispose of or deal with, any moveable or immovable property or any interest vested in it.

(4) The common seal of the Council shall be kept in the custody of the President or such other person as may be prescribed by regulations and documents required or permitted to be executed under the common seal shall be specified and authenticated in such manner as may be prescribed by regulations.

**4. Composition of the Council.**- (1) The Pakistan Psychological Council shall consist of .-

(a) President and members of Board of Governors;

(b) Registrar, Secretary, Treasurer and the Directors; and

(c) directing staff.

**5. Board of Governors.**- The Council shall have the Board of Governors comprising .-

| | | |
|---|---|---|
| (a) | President, Pakistan Psychological Council with minimum twenty years of experience | *Elected by registered psychologists* |
| (b) | Five Vice-Presidents one from each province and Federal Capital | *Elected by registered psychologists* |
| (c) | one MNA, (psychologist or behavioural scientist) nominated by the Speaker National Assembly of Pakistan | *Member* |
| (d) | Executive Director Higher Education Commission | *Member* |
| (e) | From each province one psychologist working in education, health, or Provincial Public Service Commission with minimum fifteen years of experience nominated by Provincial Governments | *Ex-officio Members* |
| (f) | President Pakistan Psychological Association | *Ex-officio Member* |

| | | |
|---|---|---|
| (g) | Registrar of the Council | *Secretary* |
| (h) | Ten elected members with minimum fifteen years of experience from registered psychologists | *Members* |
| (i) | two professors of psychology or applied psychology with highest international publications to be nominated by Higher Education Commission. | |

**6. Functions of the Board of Governors .-** (1) Subject to the provisions of this Act, the Board of Governors shall be the supreme body of the Pakistan Psychological Council.

(2) The Board of Governors shall perform the following functions, namely: -

(a) to formulate or approve the policies and the plans governing the activities of the Council;
(b) to review and approve the creation of any component of the Council as considered important to assist or improve the functioning of the Council;
(c) to consider annual reports and budgets relating to the activities of the Council;
(d) to make arrangements for the financial stability of the Council for ensuring the future operations, the continuity and preservation of the autonomy of the Council and its activities;
(e) to approve all kinds of appointments;
(f) to attend the grievances and matters of disputes; and
(g) to take such initiatives as it may be consider necessary or desirable for the efficient and effective management and functioning of the Council;

(3) No act or proceedings of the Board of Governors shall be invalid by reason only of existence of a vacancy in, or defect in, the constitution of the Board of Governors;

(4) The Board of Governors shall meet twice in a year. Special meeting thereof may be called by the President or requisitioned in writing by not less than one-third members of the Board of Governors;

(5) Not less than seven clear days notice of a special meeting shall be given to the members of the Board of Governors and agenda of the meeting shall be provided.

(6) The decision of the Board of Governors shall be based on the majority vote of the members present and voting.

(7) In case of the equality of votes, the President shall have a casting vote.

(8) The meetings of the Board of Governors shall be convened by the Secretary of the Board of Governors with the prior approval of the President. In case of absence of the President, the members present may elect the chairperson for that meeting.

(9) Save as hereinafter provided, the Board of Governors shall make regulations for the conduct of Pakistan Psychological Council's, affairs and business.

(10) One-third of the total membership shall constitute the quorum for a meeting of the Board of Governors.

(11) All decisions or determinations taken by the Board of Governors shall be recorded in writing.

(12) The Board of Governors may remove any person from its membership or position of any council of the Pakistan Psychological Council, if such person-

(a) has become of unsound mind; or

(b) has become incapable which prevents him from functioning as such member of the Council;

(c) has been convicted by a court of law of an offence involving moral turpitude; and

(d) has been found involved in activities detrimental to the interests of the Pakistan Psychological Council.

(13) No person shall be removed from membership or position under sub-section (12) unless he has been informed by the President or Board of Governors in writing of the grounds on which he is being removed and shall be given opportunity of showing cause against it.

7. **Qualifications.**- Qualifications for election and appointment of office holder of the Pakistan Psychological Council shall be as under:-

| Person | BPS | Selection and Qualifications | Term |
|---|---|---|---|
| President | BS-21 | Eminent registered psychologist of known integrity, competence and standing stature with minimum of 20 years experience shall be elected by other registered psychologists. | 3 years |
| Vice-President | BS-21 | Eminent registered psychologist of known integrity, competence and standing stature with minimum of 20 years experience shall be elected by other registered psychologists. | 3 years |
| Member | BS-20 | Eminent registered psychologist of known integrity, competence and standing stature with minimum of 15 years experience, shall be elected by other registered psychologists. | 3 years |
| Registrar | BS-20 | (a) Registered psychologist on deputation from any institution; or<br>(b) by promotion of the Directors and Secretary of the Council. | As prescribed in regulations to be made under this Act |
| Secretary | BS-19 | (a) Registered psychologist on deputation from any institution; or<br>(b) selection through open advertisement; or<br>(c) by promotion. | As prescribed in regulations to be made under this Act |
| Treasurer | BS-19 | (a) CA, ACCA, M.Com or ICMA on deputation from any institution; or<br>(b) by selection through open advertisement; or | As prescribed in Regulations to be made under this Act |
| Directors | BS-19 | (a) Registered psychologists on deputation from any institution; or<br>(b) by selection through open advertisement. | As prescribed in Regulations to be made under this Act |
| Directing staff | BS-18 and below | (a) Registered psychologists on deputation from any institution; or<br>(b) by selection through open advertisement. | As prescribed in regulations to be made under this Act |

**8. President.**- (1) The President shall exercise general control and supervision over the affairs of the Council and shall ensure observance of the provisions of the Act, the rules and that the regulations, policies and directions of the Council are properly executed.

(2) The President shall discharge such duties and perform such functions as are assigned to him by or under this Act or as may be prescribed by the Council and in particular shall-

(a) keep in custody the records and seal of the Council;

(b) submit plan of work and budget estimates for approval of the Board of Governors; and

(c) submit to the Board of Governors, in accordance with the rules and regulations, reports on the activities of the Council.

(3) The President shall also have the power to. -

(a) supervise the activities connected with the execution of programs for training, research, institutional consultancies and other services;

(b) authorize expenditure provided for in the budget in accordance with the rules and regulations.

(c) re-appropriate funds within the approved budget;

(d) delegate his powers at appropriate levels of management subject to such conditions as he may deem fit;

(e) execute deeds and documents on behalf of and with the approval of the Board of Governors; and

(f) perform any other duty assigned to him by the Board of Governors.

(4) The President shall not, except with the prior approval of the Board of Governors in each case or unless already approved in the budget duly itemized, allow expenditure on items of civil works or capital expenditure on office or laboratory equipment or automobiles.

(5) The President may tender his resignation under his own hand addressed to the Board of Governors.

(6) In case of occurrence of vacancy of President, the Federal Government may appoint any from among the Vice-Presidents for a period of three months or till the election of the President, whichever is earlier.

(7) The President shall have the power to fill the posts temporarily for a period not exceeding six months and shall, with the approval of the Board of Governors, secure the services of the experts not exceeding one year.

**9. Powers and functions of the Council.**- (1) The Council shall be responsible for regulating all psychological services in public and private sector organizations and matters connected therewith and incidental thereto and operation in the country.

(2) The Council shall have the following powers and function, namely:-

(a) accreditation and recognition of the institutions and departments of psychological and behavioral sciences both in public and private sector;

(b) to register psychologists and maintain their record and award certificate of registered psychologists;

(c) training of the registered psychologists;

(d) publishing of the research journals and publication in the field of psychology;

(e) administration of the Council;

(f) publish guidelines for the psychologists on ethical practices;

(g) engage with international organizations for the development of the profession of psychology;

(h) development and maintain web-sites for the dispensation of information for the public and professionals;

(i) appointment of the Registrar, Secretary, Treasurer, Directors, directing staff and to appoint persons thereto under prescribed conditions;

(j) development parameters for the accreditation of the psychologists;

(k) promotion of the field of psychology at national and international level by holding conferences, seminars, trainings and workshops;

(l) publish list of the institutions recognized by the Council; and

(ml) any other functions deemed necessary by the Council.

(3) Federal and provincial ministries and departments concerned shall provide full support for exercising the powers and to execute functions of the Council.

**10. Funds.**- (1) There shall be established a fund to be known as Pakistan Psychological Council Fund, which shall vest in the Council and shall be utilized by the Council to meet charges in connection with its functions.

(2) The sources of the Fund shall be-

(a) initial grant from the Federal Government.

(b) funds allocated by the Federal Government each year; and

(c) donations and grants-in-aid from Provincial Governments or any donor or agency, national or international.

11. **Fees and other charges to be levied by the Council.**- (1) The Council may levy and collect such fees, in respect of any of its functions at such rates as may be determined, from time to time by the Council, in accordance with the rules.

12. **Budget.**- (1) The Council shall, in respect of each financial year, prepare on such date as may be prescribed a statement of the estimated receipts and expenditure, including the revised and estimated budgets, requirements of grants-in-aid from Federal Government for the next financial year for consideration and approval of the Council. Any foreign exchange requirements within the overall annual approved budget by the Council shall be sent to the Federal Government for appropriate provision and allocation.

(2) It shall not be necessary for the Council to take prior approval from the Federal Government to spend money from its own generated funds and shall practice financial freedom as the Council may deem fit for furtherance of its functions.

13. **Accounting and audit.**- (1) The Council may open its accounts with any scheduled bank or financial institution within the framework of the prescribed rules. The Council may approach the Federal Government, for the grant of initial funds in this respect.

(2) The accounts of the Council shall be maintained as a double entry system and in the manner prescribed by the Controller General of Accounts.

(3) The Council shall cause to be carried out audit of its accounts by one or more auditors registered as chartered accountants within the meaning of the Chartered Accountants Act, 1961 (X of 1961).

(4) Notwithstanding the audit provided for in sub-section (3), the Auditor-General of Pakistan shall have the power to audit or cause to be audited the accounts of the Council.

(5) A copy of the audit report shall be sent to the Federal Government along with the comments of the Council.

(6) The Council shall take the requisite steps for the rectification of any objection raised by the Auditor-General of Pakistan.

## Chapter III

## RULES AND REGULATIONS

14. **Power to make rules.**- The Council may, with the approval of the Federal Government, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

15. **Power to make regulations.**- The Council may, by notification in the official Gazette, make regulations, for its internal working and terms and condition of employees not inconsistent with the provisions of this Act or the rules, for the carrying out of its functions under this Act.

## Chapter IV

## MISCELLANEOUS

**16. Submission of annual reports and returns.**- (1) Within there months of the conclusion of each financial year, the Council shall submit an annual report to the Federal Government in respect of the activities of the Council including the status of its existing programs, projects and further plans formulated in furtherance of its aims and objectives.

(2) The Federal Government may require the Council to furnish-

(a) any return, statement, estimate, statistics or other information regarding any matter under the control of the Council;

(b) a report on any subject related to the Council; and

(c) a copy of any document in the custody of the Council.

(3) The Council shall expeditiously comply with the directions, specified under sub-section (2).

**17. Power to call for information.**- The Council may call for any person, involved directly or indirectly, and reasonably believed to having such information in his control or possession which is required for carrying out the purposes of this Act. The person so called upon to provide such information shall do so within the period prescribed by the Council and in case of failure to do so he shall be punished by imposition of such penalty which may not exceed one hundred thousand Rupees.

**18. Complaints.**- (1) Any aggrieved person may file a written complaint with the Council against contravention of any provisions of this Act or any rules or regulations made thereunder.

(2) The Council shall, on receipt of a complaint, cause it to be investigated as may be prescribed and provide an opportunity to the complainant as well as the person against whom such complaint has been made. The Council may, on completion of investigation, take any action as may be prescribed under this Act.

(3) The appeals against the decisions of the Council shall be referred to the Council, which shall formulate an appellate board from among its members, who shall decide the case on merit.

**19. Confidential information.**- (1) Except as provided under the regulations, no person shall communicate, or allow to be communicated, any record or information obtained under this Act to a person not legally entitled to that record or information or allow any person not legally entitled to that record or information to have access to any record obtained under this Act.

(2) A person who knowingly receives records or information obtained under this Act shall hold the record or information subject to the same restrictions under sub-section (1) as apply to the person from whom the records or information were received.

**20. Act not to override other laws.-** The provisions of this Act shall be in addition to and not in derogation of the provisions made in any other law or the time being in force.

**21. Removal of difficulties.-** If any difficulty arises in giving effect to any of the provisions of this Act, the Federal Government may, not later than a period of one year of the commencement of this Act, make such order, by notification in the official Gazette, not inconsistent with the provisions of this Act, for the purpose of removing the difficulty.

**22. Policy directive of Federal Government.-** (1) The Federal Government may issue policy directives in accordance with the law and constitution to the Council in respect of any of its activities, powers and functions and whose compliance shall be binding on the Council, within the stipulated time.

(2) Notwithstanding anything contained in sub-section (1), if there is any difficulty in implementation of the directions and guidelines of the Council or the Federal Government, the Council shall refer the case back to the Federal Government for its review specifying reasons for non-implementation, within the stipulated time, whose decision in this respect shall be final.

**23. Winding up of the Council.-** No provision of any law relating to winding up of bodies corporate shall apply to the Council. The Council shall only be wound up by the law to be enacted by the Parliament for winding up of the Council.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

This Bill is to provide a framework to regularize the field of mental health and psychological services in Pakistan and to achieve the national and international goals by supporting professionals in the disciplines of psychology for the sustainable development of the country on Islamic ideology and integrating academic, research information. Moreover, this legislation is for providing a code of conduct for the professionals and to reduce psychological stress and other mental ailments in the society by organizing and participating in national, regional and international workshops, seminars and conferences.

The Bill seeks to achieve the aforesaid objectives.

**Sd/-**
**Riaz Fatyana,**
**Member, National Assembly**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**پاکستان نفسیات کونسل بل، ۲۰۱۸ء پر قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت ۱۱ر دسمبر، ۲۰۱۸ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان نفسیات کونسل بل، ۲۰۱۸ء کے قیام کے بل پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ قائمہ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب خالد حسین مگسی | چیئرمین |
| ۲۔ | ڈاکٹر حیدر علی خان | رکن |
| ۳۔ | جناب ناصر خان موسیٰ زئی | رکن |
| ۴۔ | جناب جے پرکاش | رکن |
| ۵۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | رکن |
| ۶۔ | ڈاکٹر محمد افضل خان ڈھانڈلہ | رکن |
| ۷۔ | ڈاکٹر نوشین حامد | رکن |
| ۸۔ | ڈاکٹر سیمی بخاری | رکن |
| ۹۔ | محترمہ فوزیہ بہرام | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ نورین فاروق خان | رکن |
| ۱۱۔ | پروفیسر شہناز نصیر بلوچ | رکن |
| ۱۲۔ | جناب نثار احمد چیمہ | رکن |
| ۱۳۔ | جناب مختار احمد ملک | رکن |
| ۱۴۔ | ڈاکٹر ثمینہ مطلوب | رکن |
| ۱۵۔ | ڈاکٹر درشن | رکن |
| ۱۶۔ | ڈاکٹر مہیش کمار ملانی | رکن |
| ۱۷۔ | ڈاکٹر شازیہ صوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| ۱۸۔ | جناب جیمز اقبال | رکن |
| ۱۹۔ | جناب رمیش لال | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شمس النساء | رکن |
| ۲۱۔ | ڈاکٹر ظفر مرزا | رکن |
| | وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۷ر اگست، ۲۰۱۹ء اور ۴ر نومبر، ۲۰۱۹ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں بل پر بالتفصیل غور کیا اور کسی ترمیم کے بغیر اس کی متفقہ طور پر منظوری دی۔ لہذا، کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل (منسلکہ۔الف) منظور کیا جائے۔

دستخط/۔
(جناب خالد حسین مگسی)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۱۴ر نومبر، ۲۰۱۹ء

منسلکہ۔الف

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت ]

# پاکستان نفسیات کونسل کے قیام کے لئے قانون وضع کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان نفسیات کونسل کے نام سے بین الاقوامی معیار کی حامل کونسل قائم کی جائے تا کہ اعلیٰ و ارفع معیار اور اخلاقی معیارات کے ساتھ تحقیقی تربیت، فنیاتی ترقی کو اعلیٰ وارفع اور اخلاقی معیارات اور پیشہ ورانہ علم کے ساتھ اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات منضبط کرنے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے اور ان کے فروغ کے لئے ماہرین نفسیات کو رجسٹر کیا جائے اور نفسیاتی تحقیق اور علم کی تعلیم دینے والے سرکاری اور نجی شعبوں کے اداروں اور تنظیموں کو تسلیم کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

## باب اول

## ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا پاکستان نفسیات کونسل ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** ایکٹ ہذا میں تاوقتیکہ کوئی امر متن یا سیاق کے منافی ہو،۔

(الف) ''ایکٹ'' سے مراد ہے پاکستان نفسیاتی کونسل ایکٹ، ۲۰۱۸ء؛

(ب) ''بورڈ آف گورنرز'' سے مراد ہے پاکستان نفسیاتی کونسل کا بورڈ آف گورنرز؛

(ج) ''کونسل'' سے مراد ہے ایکٹ ہذا کے تحت تشکیل کردہ پاکستان نفسیاتی کونسل؛

(د) ''ڈائریکٹر'' سے مراد ہے انتظامی ونگ یا ادارہ برائے تحقیق و تربیت کا ڈائریکٹر؛

(ہ) ''ڈائریکٹنگ سٹاف'' سے مراد ہے ایکٹ ہذا کے تحت تشکیل کردہ کونسل کا ڈائریکٹنگ عملہ؛

(و) ''ادارہ'' سے مراد ہے نفسیات کے شعبہ میں پالیسی وضع کرنے کا ادارہ برائے تربیت، تحقیق و ترقی؛

(ز) ''رکن'' سے مراد ہے بورڈ آف گورنرز کا رکن؛

(ح) ''صدر'' سے مراد ہے کونسل کا صدر؛

(ط) ''رجسٹرڈ ماہرین نفسیات'' سے مراد ہے ایک ماہر نفسیات جو کم از کم ماسٹر ڈگری اور مساوی یا سولہ سالہ تعلیم بمع نفسیات، اطلاقی نفسیات، کرداری علوم کے شعبہ میں دو سالہ تجربہ رکھتا ہو اور پاکستان نفسیاتی کونسل کے پاس

رجسٹرڈ ہو؛

(ی) ''مجوزہ'' سے مراد ہے ایکٹ ہذا کے تحت قوانین، ضوابط یا قواعد کی جانب سے مجوزہ؛

(ک) ''پی پی اے'' سے مراد ہے پاکستان نفسیاتی ایسوسی ایشن؛

(ل) ''رجسٹرار'' سے مراد ہے کونسل کا رجسٹرار؛

(م) ''قوانین''، ''ضوابط'' اور ''قواعد'' سے مراد ہے ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ یا متصورہ وضع کردہ قوانین، ضوابط اور قواعد؛

(ن) ''معتمد انتظامیہ'' سے کونسل کا معتمد انتظامیہ مراد ہے؛ اور

(س) ''خزانچی'' سے کونسل کا خزانچی مراد ہے۔

## باب دوم

## کونسل اور بورڈ

۳۔ **کونسل کا قیام:۔** (۱) اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد، جتنا جلدی ہو سکے، وفاقی حکومت، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے، سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایک کونسل قائم کرے گی جو پاکستان نفسیات کونسل کہلائے گی۔

(۲) کونسل کا مرکزی دفتر اور ادارے اسلام آباد میں ہوں گے اور یہ صوبائی دارالحکومتوں یا ملک میں ایسے مقام یا مقامات پر، جن کو یہ مناسب سمجھے گی، اپنے دفاتر قائم کر سکے گی۔

(۳) کونسل ایک کارپوریٹ ادارہ ہوگا جسے دوامی توارث حاصل ہوگا اور اس کی ایک مشترک مہر ہوگی اور اس کے اپنے نام سے اس کے خلاف مقدمہ کیا جا سکے گا اور، اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے معاہدے کر سکے گی اور ہر قسم کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے، خریدنے، لینے اور رکھنے کا اختیار ہوگا اور کوئی بھی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد یا سونپے گئے کسی مفاد کو پہنچانے، حوالے کرنے، سے دستبردار ہونے، تعمیل کرنے، تفویض کرنے، رہن رکھنے، منتقل کرنے، دوبارہ ذمے کرنے، ہبہ کرنے یا بصورت دیگر ٹھکانے لگانے یا سے نمٹنے کا اختیار ہوگا۔

(۴) کونسل کی مشترک مہر صدر یا ایسا دیگر شخص جو ضوابط کے ذریعے مقرر کیا جائے، کی تحویل میں رکھی جائے گی اور دستاویزات جو مشترک مہر کے ذریعے عملدرآمد یا منظوری کی متقاضی ہوں کی ضوابط میں مقرر کردہ طریقے کے مطابق تخصیص اور تصدیق کی جائے گی۔

۴۔ **پاکستان نفسیات کونسل کی ہیئت ترکیبی:۔** (۱) پاکستان نفسیات کونسل کی ہیئت ترکیبی حسب ذیل پر مشتمل ہوگی،۔

(الف) صدر اور بورڈ آف گورنرز کے اراکین؛

(ب) رجسٹرار، سیکرٹری، خزانچی اور ڈائریکٹرز؛

(ج) ڈائریکٹنگ اسٹاف۔

۵۔ **<u>بورڈ آف گورنرز:۔</u>** کونسل حسب ذیل بورڈ آف گورنرز پر مشتمل ہوگا۔

(الف) صدر، پاکستان نفسیات کونسل جو کہ کم از کم ۲۰ سالہ تجربہ کا حامل ہو رجسٹرڈ ماہر نفسیات کی جانب سے منتخب کیا گیا۔

(ب) پانچ نائب صدور، ہر صوبہ اور وفاقی دارالحکومت سے ایک ایک رجسٹرڈ ماہر نفسیات کی جانب سے منتخب کیا گیا۔

(ج) ایک رکن قومی اسمبلی، (ماہر نفسیات یا ماہر انسانی طرز عمل) جو کہ اسپیکر قومی اسمبلی نامزد کرے گا۔ — رکن

(د) ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہائیر ایجوکیشن کمیشن — رکن

(ہ) ہر صوبے سے تعلیم، صحت یا صوبائی سلیکشن کمیشن میں کام کرنے والا ایک ماہر نفسیات جو ۱۵ سالہ تجربے کا حامل ہو اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے نامزد کردہ ہو۔ — اراکین بلحاظ عہدہ

(و) صدر پاکستان سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن — رکن بلحاظ عہدہ

(ز) کونسل کا رجسٹرار — سیکرٹری

(ح) رجسٹرڈ ماہرین نفسیات میں سے دس منتخب شدہ اراکین جو کم از کم ۱۵ سالہ تجربے کے حامل ہوں۔ — اراکین

(ط) نفسیات /اطلاقی نفسیات کے دو پروفیسر جن کی سب سے زیادہ بین الاقوامی مطبوعات ہوں اور جن کی نامزدگی ہائر ایجوکیشن کمیشن کرے۔

۶۔ **<u>بورڈ آف گورنرز کے کارہائے منصبی:۔</u>** (۱) ایکٹ ہذا کی تصریح کے تحت بورڈ آف گورنرز پاکستان سائیکالوجیکل کونسل کا اعلیٰ ترین ادارہ ہوگا۔

(۲) بورڈ آف گورنرز درج ذیل امور سرانجام دے گا:۔

(الف) کونسل کے امور کی انجام دہی کے لئے پالیسیاں اور منصوبے تشکیل دینا یا ان کی منظوری دینا؛

(ب) کونسل کے کسی حصے کی تشکیل پر نظر ثانی کرنا اور منظوری دینا جسے کونسل کے امور کی انجام دہی میں معاونت فراہم کرنے یا بہتری لانے کے لئے اہم تصور کیا جائے؛

(ج) کونسل کے امور سے متعلق سالانہ رپورٹوں اور بجٹ پر غور وخوض کرنا؛

(د) کونسل کے اقتصادی استحکام کے لئے بندوبست کرنا تاکہ کونسل کی آئندہ کارروائیوں، ان کے تسلسل، کونسل کی خودمختاری اور اس کی سرگرمیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

(ہ) تمام اقسام کی تقرریوں کی منظوری دینا؛

(و) شکایات اور تنازعات کو دیکھنا؛ اور

(ز) ایسے اقدامات کرنا جو کونسل کی فعالیت اور مؤثر نظم و نسق کے لئے ضروری ہوں۔

(۳) بورڈ آف گورنرز کا کوئی فعل یا کارروائی صرف بورڈ آف گورنرز کے آئین میں خلا یا کسی سقم کی وجہ سے کالعدم نہیں ہوگی۔

(۴) بورڈ آف گورنرز کے سال میں دو اجلاس ہوں گے۔ خصوصی اجلاس صدر کی جانب سے یا بورڈ آف گورنرز کے اراکین جو کہ ایک تہائی سے کم نہ ہوں کی کے تحریری مطالبہ پر طلب کیا جاسکتا ہے۔

(۵) بورڈ آف گورنرز کے اراکین کو مخصوص اجلاس کا سات دن سے کم کا نوٹس نہیں دیا جائے گا اور اجلاس کا ایجنڈا فراہم کیا جائے گا۔

(۶) بورڈ آف گورنرز کا فیصلہ موجودہ اراکین کے اکثریتی ووٹ پر مبنی ہوگا۔

(۷) ووٹ برابر ہونے کی صورت میں صدر کا ووٹ فیصلہ کن ووٹ ہوگا۔

(۸) بورڈ آف گورنرز کے اجلاس صدر کی پیشگی منظوری سے بورڈ آف گورنرز کے سیکرٹری کی جانب سے طلب کئے جائیں گے۔ صدر کی غیر حاضری کی صورت میں موجود اراکین اجلاس کے لئے چیئر پرسن منتخب کر سکتے ہیں۔

(۹) ماسوائے استثنیٰ کے بورڈ آف گورنرز پاکستان سائیکالوجیکل کونسل کے معاملات و امور کے لئے ضوابط وضع کرے گی۔

(۱۰) بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کے لئے کورم کل اراکین کے ایک تہائی پر مشتمل ہوگا۔

(۱۱) بورڈ آف گورنرز کی جانب سے کئے گئے تمام فیصلوں یا اداروں کو تحریر میں ریکارڈ کیا جائے گا۔

(۱۲) پاکستان سائیکالوجیکل کونسل کی کسی کونسل کی رکنیت یا عہدے سے کسی بھی فرد کو بورڈ آف گورنر ہٹا سکتا ہے؛ اگر ایسا شخص۔

(الف) فاتر العقل ہو جائے؛ یا

(ب) نا اہل ہو جائے جو اس کو کونسل کے امور سر انجام دینے سے روکتا ہے۔

(ج) کسی اخلاقی تنزلی کے حامل جرم میں ملوث ہونے کے باعث کسی مجاز عدالت سے سزا یاب ہو؛ اور

(د) ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہو جو پاکستان سائیکالوجیکل کونسل کے مفادات کے لئے نقصان دہ ہوں۔

(۱۳) ذیلی دفعہ (۱۲) کے تحت کسی بھی فرد کو رکنیت یا عہدے سے نہیں ہٹایا جائے گا تاوقتیکہ انہیں سربراہ یا بورڈ آف گورنرز کی جانب سے ان اسباب کے بارے تحریر میں مطلع نہیں کر دیا جاتا جن پر ان کو ہٹایا جا رہا ہے اور اس الزام کے خلاف صفائی کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

۷۔ **قابلیت:۔** پاکستان سائیکالوجیکل کونسل کے عہدے دار کے انتخاب اور تقرری کے لئے اہلیت/قابلیت کا معیار درج ذیل ہوگا؛

| شخص | بی پی ایس | انتخاب/قابلیت کا معیار | مدت |
|---|---|---|---|
| صدر | بی ایس۔۲۱ | کم از کم ۲۰ سال کے تجربے کے ساتھ، قابل، ممتاز اور شعبے کے نامور رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ کو دیگر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ کی جانب سے منتخب کیا جائے گا۔ | ۳ سال |
| نائب صدر | بی ایس۔۲۱ | کم از کم ۲۰ سال کے تجربے کے حامل ممتاز، قابل اور اپنے شعبے کے ماہر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ کو دیگر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹس کی جانب سے نائب صدر منتخب کیا جائے گا۔ | ۳ سال |
| رکن | بی ایس۔۲۰ | کم از کم ۱۵ سال کے تجربے کے حامل ممتاز، قابل اور اپنے شعبے کے ماہر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹس کو دیگر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹس کی جانب سے منتخب کیا جائے گا۔ | ۳ سال |
| رجسٹرار | بی ایس۔۲۰ | (الف) کسی ادارے سے مستعار الخدمتی پر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ؛ یا<br>(ب) ڈائریکٹرز اور سیکرٹری کونسل کی ترقی سے۔ | دفعہ ۱۵ کے تحت وضع کردہ قواعد میں مجوزہ کردہ |
| سیکرٹری | بی ایس۔۱۹ | (الف) کسی ادارے سے مستعار الخدمتی پر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ؛ یا؛<br>(ب) اشتہار کے ذریعے انتخاب؛ یا<br>(ج) ترقی کے ذریعے۔ | دفعہ ۱۵ کے تحت وضع کئے گئے قواعد میں تصریح کردہ کے مطابق |
| خازن | بی ایس۔۱۹ | (الف) کسی ادارے سے مستعار الخدمتی پر سی اے، اے سی سی اے، ایم۔کوم یا آئی سی ایم اے؛ یا<br>(ب) اشتہار کے ذریعے انتخاب۔ | دفعہ ۱۵ کے تحت وضع کردہ قواعد میں مجوزہ کے مطابق |
| ڈائریکٹرز | بی ایس۔۱۹ | (الف) کسی ادارے سے مستعار الخدمتی پر رجسٹرڈ سائیکالوجسٹ؛ یا<br>(ب) اشتہار کے ذریعے انتخاب۔ | ایکٹ ہذا دفعہ ۱۵ کے تحت وضع کردہ ضوابط کے مطابق |
| ڈائریکٹنگ اسٹاف | بی ایس۔۱۸ اور اس سے کم | (الف) کسی ادارے سے مستعار الخدمتی پر رجسٹرڈ ماہر نفسیات؛ یا<br>(ب) اشتہار کے ذریعے انتخاب۔ | دفعہ ۱۵ کے تحت وضع کردہ قواعد میں مجوزہ کیے گئے کے مطابق |

۸۔ **صدر:۔** (۱) صدر کو کونسل کے معاملات پر عمومی کنٹرول اور نگرانی کے اختیارات ہوں گے نیز وہ ایکٹ کی تصریحات کے مشاہدات کو یقینی بنائے گا، کونسل کے قواعد، انضباط، پالیسیوں اور ہدایات پر مناسب انداز سے عمل درآمد کیا جاتا ہے۔

(۲) صدر ایسے فرائض اور ایسے امور کو اس انداز سے سرانجام دے گا جو کہ اسے اس ایکٹ کے ذریعہ یا اس کے تحت تفویض کئے جاتے ہیں یا جو کونسل کی جانب سے تجویز کئے جائیں نیز بالخصوص وہ۔

(الف) کونسل کے ریکارڈ اور مہر کو اپنے قبضہ میں رکھے گا؛

(ب) وہ کام کا منصوبہ پیش کرتا ہے اور بورڈ آف گورنرز کی منظوری کے لئے بجٹ کا تخمینہ لگاتا ہے؛ نیز

(ج) وہ بورڈ آف گورنرز کو قواعد وضوابط کے مطابق کونسل کی سرگرمیوں پر رپورٹس پیش کرتا ہے۔

(۳) صدر کو

(الف) تربیت، تحقیق، اداراتی مشاورتیں اور دیگر خدمات کے لئے پروگراموں کی تعمیل سے متصل سرگرمیوں کی نگرانی کے اختیارات بھی حاصل ہوں گے؛

(ب) صدر کو قواعد وضوابط کے مطابق بجٹ میں دیئے گئے اخراجات کی اجازت دینے کا بھی اختیار ہوگا؛

(ج) اسے منظور شدہ بجٹ کے اندر فنڈز کے از سرِ نو تعین کرنے کا بھی اختیار ہوگا؛

(د) اسے ایسی شرائط پر جو وہ مناسب خیال کرے انتظام و انصرام کی مناسب سطحات پر اپنے اختیارات تفویض کرنے کا اختیار ہوگا؛

(ہ) اسے بورڈ آف گورنرز کے ایماء اور منظوری پر دستاویزات اور وثیقہ جات پر عملدرآمد کے اختیارات حاصل ہوں گے؛ نیز

(و) اسے بورڈ آف گورنرز کی جانب سے تفویض کردہ کوئی دیگر فریضہ بھی سرانجام دینے کا اختیار ہوگا۔

(۴) صدر کو ماسوائے ہر ایک کیس میں بورڈ آف گورنرز کی پیشگی منظوری کے یا جب تک کہ بجٹ کی پہلے سے مدوار منظوری نہیں دی جاتی اسے دفتر کے سول ورکس کی اشیاء پر اخراجات یا لیبارٹری کے آلات یا آٹوموبائلز پر بڑے بڑے اخراجات کرنے کے اختیارات دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۵) صدر بورڈ آف گورنرز کو اپنے ہاتھ سے لکھ کر استعفیٰ دے سکتا ہے۔

(۶) صدر کا عہدہ کے خالی ہونے کی صورت میں، وفاقی حکومت نائب صدور میں سے کسی ایک کو تین ماہ کے عرصہ کے لئے یا صدر کے انتخاب تک جو بھی پہلے ہو تقرری کر سکتی ہے۔

(۷) صدر کو عرصہ جو چھ ماہ سے زائد نہ ہو کے لئے آسامیاں عارضی طور پر پُر کرنے کا اختیار ہوگا اور وہ بورڈ آف گورنرز کی منظوری سے ماہرین کی خدمات جو ایک سال سے زائد نہ ہوں، حاصل کرے گا۔

۹۔ **کونسل کے اختیارات اور فرائض:۔** (۱) کونسل ملک میں سرکاری اور نجی شعبہ کی تنظیموں میں تمام نفسیاتی خدمات اور اس سے منسلک اور ضمنی امور اور آپریشن کو منضبط کرنے کی ذمہ دار ہوگی۔

(۲) کونسل کے درج ذیل اختیارات اور فرائض ہوں گے، یعنی:۔

(الف) سرکاری اور نجی شعبہ دونوں میں نفسیات ورویے کے بارے میں سائنسی علوم کے اداروں اور شعبوں کی توثیق ومنظوری؛

(ب) ماہرین نفسیات کو رجسٹر کرنا اور ان کا ریکارڈ رکھنا اور رجسٹرڈ ماہرین نفسیات کو سرٹیفکیٹ دینا؛

(ج) ماہرین نفسیات کی تربیت؛

(د) شعبہ نفسیات میں تحقیقی جرائد ومطبوعات کی اشاعت؛

(ہ) کونسل کا انتظام؛

(و) اخلاقی معمولات پر ماہرین نفسیات کے لئے راہنما اصولوں کی اشاعت؛

(ز) نفسیات کے پیشہ کی ترقی کے لئے بین الاقوامی اداروں کے ساتھ رابطہ؛

(ح) سرکاری اور پیشہ ور حضرات کے لئے معلومات کی فراہمی کے لئے ویب سائٹس کو تیار کرنا اور برقرار رکھنا؛

(ط) مقررہ شرائط کے تحت رجسٹرار، سیکرٹری، خازن، ڈائریکٹرز، ڈائریکٹنگ اسٹاف اور اس سے متعلق اشخاص کی تقرری؛

(ی) ماہرین نفسیات کی توثیق کے لئے حدود کا تعین؛

(ک) کانفرنسوں، سیمیناروں، ٹریننگ اور ورکشاپوں کا انعقاد کر کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر شعبہ نفسیات کی ترقی؛

(ل) کونسل کی جانب سے تسلیم شدہ اداروں کی فہرست شائع کرنا؛ نیز

(م) کونسل کی جانب سے ضروری سمجھے گئے دیگر فرائض۔

(۳) کونسل کے اختیارات استعمال کرنے اور فرائض کی انجام دہی کے لئے متعلقہ وفاقی اور صوبائی وزارتیں اور محکمے مکمل امداد فراہم کریں گی۔

۱۰۔ **فنڈز:۔** (۱) ایک فنڈ قائم کیا جائے گا جو پاکستان نفسیاتی مشاورتی فنڈ کے نام سے موسوم ہوگا، جو کونسل کے اختیار میں ہوگا اور اپنے فرائض کے سلسلہ میں اخراجات پورا کرنے کے لئے کونسل کی جانب سے استعمال کیا جائے گا۔

(۲) فنڈ کے ذرائع درج ذیل ہوں گے۔

(الف) وفاقی حکومت کی جانب سے ابتدائی گرانٹ۔

(ب) ہر سال وفاقی حکومت کی جانب سے مختص کردہ فنڈز؛ نیز

(ج) صوبائی حکومتوں یا کسی عطیہ دینے والے یا ادارہ، قومی یا بین الاقوامی کی جانب سے عطیات اور زرِ امداد۔

۱۱۔ **کونسل کی جانب سے عائد کردہ فیس اور دیگر اخراجات:۔** (۱) کونسل، قواعد کے مطابق، وقتاً فوقتاً ایسے نرخوں پر اپنے فرائض کے سلسلے میں ایسی فیس عائد اور وصول کر سکتی ہے جو وہ متعین کر سکتی ہے۔

۱۲۔ **بجٹ:۔** (۱) کونسل، ہر مالی سال کے سلسلے میں، تخمینہ شدہ وصولیاں و اخراجات، بشمول نظرِ ثانی شدہ اور تخمینہ شدہ بجٹ کا گوشوارہ ایسی تاریخ کو تیار کرے گا جیسا کہ مقرر کی گئی ہے اور کونسل کے زیرِ غور لانے اور منظوری کے لئے اگلے مالی سال کے لئے وفاقی حکومت سے زرِامداد کی مقتضیات شامل ہوں گی۔ کونسل کی جانب سے مجموعی سالانہ منظور شدہ بجٹ کے اندر رہتے ہوئے غیر ملکی زرِمبادلہ کی مقتضیات مناسب فراہمی اور تعین اختصاص کے لئے وفاقی حکومت کو ارسال کیا جائے گا۔

(۲) کونسل کے لئے یہ ضروری نہیں ہوگا کہ وہ اپنے پیدا کردہ فنڈز سے وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری لئے بغیر رقم خرچ کرے اور اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے مالی آزادی ہوگی جیسا کہ کونسل مناسب خیال کرے گی۔

۱۳۔ **حساب داری اور محاسبہ:۔** (۱) کونسل مقررہ قواعد کے بنیادی ڈھانچہ کے اندر رہتے ہوئے کسی شیڈول بینک یا مالی ادارہ کے پاس اپنے اکاؤنٹس کھول سکتی ہے۔ کونسل اس سلسلہ میں ابتدائی فنڈز کی منظوری کے لئے، وفاقی حکومت سے رجوع کر سکتی ہے۔

(۲) کونسل کے کھاتہ جات دوہرے اندراج نظام اور کنٹرولر جنرل اکاؤنٹس کی جانب سے مقرر کردہ طریقہ سے رکھے جائیں گے۔

(۳) کونسل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایکٹ، ۱۹۶۱ء (نمبر ۱۰ بابت ۱۹۶۱ء) کے مفہوم کے اندر رہتے ہوئے بطور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایک یا زیادہ رجسٹر شدہ آڈیٹرز کی جانب سے اپنے کھاتہ جات کا آڈٹ کرائے گی۔

(۴) باوجودیکہ کہ ذیلی دفعہ (۳) میں دی گئی آڈٹ تصریح کے آڈیٹر جنرل آف پاکستان کا اختیار ہے کہ وہ کونسل کے کھاتہ جات کا آڈٹ کرے یا آڈٹ کرائے۔

(۵) وفاقی حکومت کو بمع کونسل کی آراء کے آڈٹ رپورٹ کی ایک نقل ارسال کی جائے گی۔

(۶) کونسل آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے اٹھائے گئے کسی اعتراض کی درستی کے لئے ضروری اقدامات کرے گی۔

## باب سوم

## قواعد وضوابط

۱۴۔ **قواعد سازی کا اختیار:۔** کونسل وفاقی حکومت کی منظوری سے، سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لئے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۱۵۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** کونسل، سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، اپنی داخلی کارروائی کے لئے اور ایکٹ ہذا کے تحت اپنے کارمنصبی کی انجام دہی کے لئے ایسے ضوابط اور ملازمین کی قیود و شرائط وضع کر سکتی ہے جو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے، غیر موافق نہ ہوں۔

## باب چہارم

## متفرقات

۱۶۔ **سالانہ رپورٹیں اور گوشوارے پیش کرنا:۔** (۱) ہر مالی سال کے اختتام پذیر ہونے کے تین ماہ کے اندر، کونسل وفاقی حکومت کو ایک سالانہ رپورٹ پیش کرے گی جو کہ کونسل کی سرگرمیوں بشمول اس کے جاری پروگراموں، منصوبوں کی حیثیت اور اس کے اغراض ومقاصد پر پیش رفت میں مزید منصوبوں کی تشکیل سے متعلق ہوگی۔

(۲) وفاقی حکومت حسب ذیل فراہم کرنے کا تقاضا کر سکتی ہے۔

(الف) کوئی گوشوارہ، کیفیت نامہ، تخمینہ، اعداد وشمار یا کونسل کے زیر اختیار کسی معاملہ سے متعلق کوئی دیگر معلومات؛

(ب) کونسل سے متعلقہ کسی موضوع پر کوئی رپورٹ؛ نیز

(ج) کونسل کی تحویل میں کسی دستاویز کی نقل۔

(۳) کونسل ذیلی دفعہ (۲) کے تحت مصرحہ ہدایات کی تیزی سے تعمیل کرے گی۔

۱۷۔ **معلومات کے لئے بلانے کا اختیار:۔** کونسل کسی ایسے شخص کو بلا سکتی ہے جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر اس میں ملوث ہو اور یہ خیال ہو کہ اس کے تسلط یا اختیار میں ایسی معلومات ہیں جو کہ ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں۔ ایسی معلومات کی فراہمی کے لئے بلایا گیا شخص یہ امر کونسل کی جانب سے مقررہ مدت کے اندر انجام دے گا اور ایسا نہ کرنے کی صورت میں اس پر جرمانہ عائد کیا جائے گا جو ایک لاکھ روپے سے متجاوز نہ ہوگا۔

۱۸۔ **شکایات:۔** (۱) کوئی بھی متاثرہ شخص ایکٹ ہذا کی تصریحات یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی خلاف ورزی کے ضمن میں تحریری شکایت درج کرا سکتا ہے۔

(۲) کونسل، شکایت موصول ہونے پر، جیسا کہ مقرر ہو اس کی تفتیش کرے گی اور شکایت کنندہ اور اس شخص کو موقع

فراہم کرے گی جس کے خلاف شکایت درج کرائی گئی ہو۔ کونسل، تفتیش مکمل ہونے پر، ایکٹ ہذا کے تحت جیسا مقرر ہو، کارروائی کرے گی۔

(۳) کونسل کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں کونسل کو سپرد کی جائیں گی، جو اپنے ارکان میں سے ایک اپیلٹ بورڈ تشکیل دے گی، ارکان میرٹ پر کیس کا فیصلہ کریں گے۔

۱۹۔ **خفیہ معلومات:۔** (۱) ماسوائے ضوابط میں مذکور کے، کوئی شخص ایکٹ ہذا کے تحت حاصل کردہ کوئی ریکارڈ یا معلومات کی اطلاع کسی ایسے شخص کو نہیں دے گا یا اس کی اجازت نہیں دے گا جو قانونی طور پر اس ریکارڈ یا معلومات کا مستحق نہ ہو یا کسی ایسے شخص کو اس ریکارڈ یا معلومات کو ایکٹ ہذا کے تحت حاصل کردہ کسی ریکارڈ تک رسائی کی اجازت نہیں دے گا جو قانونی طور پر اس کا مستحق نہ ہو۔

(۲) کوئی شخص جو ایکٹ ہذا کے تحت حاصل کردہ ریکارڈ یا معلومات جان بوجھ کر وصول کرے، ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ایسی ہی قدغنوں کے تحت ریکارڈ یا معلومات رکھے گا جس کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہو جس سے یہ ریکارڈ یا معلومات وصول کی گئیں۔

۲۰۔ **ایکٹ دیگر قوانین منسوخ نہیں کرے گا:۔** ایکٹ ہذا کسی دیگر قانون کے تحت وضع کردہ دفعات کے علاوہ ہوگا نہ کہ ان کی قدر کم کرے گا۔

۲۱۔ **مشکلات کا خاتمہ:۔** اگر ایکٹ ہذا کی دفعات میں سے کسی کو مؤثر بہ عمل کرنے میں کوئی مشکل پیش آئے تو وفاقی حکومت اس مشکل کو ختم کرنے کے مقصد کے لئے سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن جو ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ سے ایک سال کی مدت کے بعد نہ ہو، کے ذریعے ایک ایسا حکم صادر کرسکتی ہے جو ایکٹ ہذا کی دفعات سے غیر مطابق نہ ہوں۔

۲۲۔ **وفاقی حکومت کا پالیسی حکم:۔** (۱) وفاقی حکومت اپنی کسی سرگرمی، اختیارات اور فرائض منصبی میں سے کسی کے بارے میں قانون اور آئین کے مطابق کونسل کو پالیسی احکامات جاری کرسکتی ہے اور جن کی مقررہ مدت کے اندر اندر تعمیل کے لئے کونسل پابند ہوگی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) میں شامل کسی امر کے باوجود، اگر کونسل یا وفاقی حکومت کی ہدایات اور رہنما خطوط پر عملدرآمد میں کوئی مشکل درپیش ہو تو کونسل مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد نہ کرنے کی وجوہات کی صراحت کے ساتھ وفاقی حکومت کو کیس نظر ثانی کے لئے واپس بھیجے گی جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۲۳۔ **کونسل کا اختتام:۔** کسی قانون کو کوئی تصریح جو کارپوریٹ اداروں کے اختتام سے متعلق ہو کونسل پر اطلاق پذیر نہ ہوگی۔ کونسل صرف پارلیمنٹ کی جانب سے کونسل کے خاتمہ کے لئے وضع کردہ قانون سے ہی ختم کی جاسکے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

بل ہذا ایک ڈھانچہ فراہم کرنے کے لئے ہے تا کہ پاکستان میں ذہنی صحت اور نفسیاتی خدمات کے شعبہ کو منضبط کیا جائے اور قومی اور بین الاقوامی اہداف کو نفسیات کے شعبہ میں پیشہ وروں کی اعانت کرتے ہوئے تا کہ اسلامی نظریہ پر ملک کی پائیدار ترقی ہو اور تعلیمی تحقیقاتی معلومات کو مربوط بنایا جائے، حاصل کئے جاسکیں۔مزید برآں، یہ قانون سازی پیشہ وروں کے لئے ایک ضابطہ اخلاق فراہم کرنے کے لئے ہے اور معاشرہ میں نفسیاتی دباؤ اور دیگر ذہنی بیماریوں کو قومی، علاقائی اور بین الاقوامی ورکشاپس، سیمینارز اور کانفرنسوں کا انعقاد اور ان میں شرکت کرتے ہوئے، کم کرنا ہے۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/-

ریاض فتیانہ،

رکن، قومی اسمبلی